Sl. No. of Q.P.: 5050

Unique Paper Code : 214482

Name of Course : B. Com. (Prog.)

Name of the Paper : Urdu B

Semester : IV

E

Time : 3 Hours M.M.: 75

۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی وضاحت سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔ 10

(الف)

کل ہی کی بات ہے کہ رات کے کوئی گیارہ بجے ایک کتے کی طبیعت جو ذرا گدگدائی تو انہوں نے باہر سڑک پر آکر طرح کا ایک مصرع دے دیا۔ ایک آدھ منٹ کے بعد سامنے کے بنگلے میں سے ایک کتے نے مطلع عرض کر دیا۔ اب جناب کہنہ مشق استاد کو جو غصہ آیا، ایک حلوائی کے چولھے میں سے باہر لپکے اور بھنا کے پوری غزل مقطع تک کہہ گئے۔ اب تو حضرت وہ مشاعرہ گرم ہوا کہ کچھ نہ پوچھیے۔ وہ ہنگامہ گرم ہوا کہ ٹھنڈا ہونے میں نہ آتا تھا۔ ہم نے کھڑکی میں سے ہزاروں دفعہ آرڈر آرڈر پکارا لیکن ایسے موقعوں پر پردھان کی بھی کوئی نہیں سنتا۔ اب ان سے کوئی پوچھے کہ میاں تمہیں ایسا ہی ضروری مشاعرہ کرنا تھا تو دریا کے کنارے کھلی ہوا میں جا کر طبع آزمائی کرتے۔ یہ گھروں کے درمیان سوتوں کو ستانا کون سی شرافت ہے۔

(ب)

سچ کے زور و طاقت کو کون نہیں جانتا۔ چنانچہ ملکۂ صداقت کو بھی حقیقت کے دعوے تھے۔ اٹھی اور اپنے زور میں بھری ہوئی اٹھی۔ اسی واسطے بلند اٹھی۔ اکیلی آئی اور کسی مرد کو ساتھ نہ لائی۔ ہاں آگے آگے فتح و اقبال نور کا غبار اڑاتے آتے تھے اور پیچھے پیچھے اک پری پرواز تھا مگر صاف معلوم ہوتا تھا کہ تابع ہے، شریک نہیں۔ ملکہ کی شان شاہانہ تھی اور دبدبہ خسروانہ تھا۔ اگرچہ آہستہ آہستہ آتی تھی۔ مگر

استقلال رکاب پکڑے تھا اور جو قدم اٹھتا تھا دس قدم آگے پڑتا نظر آتا تھا۔ ساتھ اس کے جب ایک دفعہ جم جاتا تھا تو انسان کیا فرشتہ سے بھی نہیں ہٹ سکتا تھا۔

۲۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔ 10

(الف)

رنگ پیراہن کا، خوشبو زلف لہرانے کا نام
موسم گل ہے تمہارے بام پر آنے کا نام

دوستو اس چشم و لب کی کچھ کہو جس کے بغیر
گلستاں کی بات رنگیں ہے نہ میخانے کا نام

پھر نظر میں پھول مہکے، دل میں پھر شمعیں جلیں
پھر تصور نے لیا اس بزم میں جانے کا نام

محتسب کی خیر اونچا ہے اسی کے فیض سے
رند کا، ساقی کا، مے کا، خم کا، پیمانے کا نام

(ب)

وہ صبح کو کہسار کے پھولوں کا مہکنا
وہ جھاڑیوں کی آڑ میں چڑیوں کا چہکنا
گردوں پہ شفق، کوہ پہ لالے کا مہکنا
مستوں کی طرح ابر کے ٹکڑوں کا بہکنا

ہر پھول کی جنبش سے عیاں ناز پری کا
چلنا وہ دبے پاؤں نسیم سحری کا

وہ طائر کہسار، لب چشمۂ کہسار
وہ سرد ہوا اور کرم ابر گہربار
وہ میوۂ خوش رنگ وہ سر سبز چمن زار
اک آن میں صحت ہو، جو برسوں کا ہو بیمار

یہ باغِ وطن روکشِ گلزار جناں ہے
سرمایۂ نازِ چمن آرائے جہاں ہے

۳۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 10

یا

پطرس بخاری کی مزاح نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

۴۔ فراق گورکھپوری کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔ 10

یا

اقبال کی نظم 'بزمِ انجم' کا مرکزی خیال لکھیے۔

۵۔ اپنی کمپنی کے تیار کردہ شیمپو کے متعلق ایک ریڈیو اشتہار بنائیے۔ 15

یا

کسی بینک کی ہوم لون اسکیم کے متعلق ایک وال پوسٹر بنائیے۔

۶۔ مندرجہ ذیل انگریزی اصطلاحوں میں سے کسی دس کے انگریزی متبادل لکھیے۔ 20

1) Tally Role
2) Teller
3) Termbond
4) Tariff Agreement
5) Third party Insurance
6) Target Risk
7) Third account
8) Texture
9) Total Loss
10) Tag Transport
11) Test check
12) Rating Trade
13) Transferable Account
14) Target Risk

....